سوال

(529) عصر کے بعد غروب آفتاب تک نماز نہیں

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نماز عصر کے بعد سنتوں یا دیگر نماز کو کیوں ادا نہیں کیا جاتا ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین کی ایک جماعت سے یہ ثابت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

«لاصلاۃ بعد العصر حتی تغرب الشمس ولا بعد الفجر حتی تطلع الشمس» (صحیح بخاری)

''عصر کے بعد غروب آفتاب تک اور فجر کے بعد طلوع آفتاب تک نماز نہیں ہے۔''

علماء نے فرمایا اس کا سبب شاید ان مشرکین کی مشابہت سے ممانعت ہے جو ان اوقات میں سورج کو سجدہ کرتے ہیں۔ لہذا بلا سبب ان اوقات میں نماز نفل سے منع کر دیا تاکہ یہ وہم پیدا نہ ہو کہ سورج کو سجدہ کیا جا رہا ہے یعنی احتیاط اور شرک کے اسباب ووسائل سے دوری اختیار کرنے کے پیش نظر ان اوقات میں نماز سے منع کر دیا گیا ہے۔ (شیخ ابن جبرین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ : جلد 1

صفحہ نمبر 435

محدث فتویٰ